علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تعارف فقہ (2951) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1
(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1 فقہ اسلامی کی تعریف بیان کریں، اس کی امتیازی حیثیت واضح کرتے ہوئے فقہ اسلامی کے تاریخی ارتقاء کا مختصر جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر2 فقہی مباحث کی تقسیم کی وضاحت کریں اور عبادات، معاملات، مناکحات، عقوبات اور مخاصمات کے اہم پہلوؤں کو مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3 فقہی مسالک کا تعارف تحریر کریں، فقہاء کی شہرت کے عمومی اسباب تفصیلی سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4 فقہ اسلامی میں مخاصمات (اسلامی عدالتی نظام) اور کتاب السیر (اسلامی بین الاقوامی قانون) سے متعلق اہم مباحث قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر5 طلاق کا لغوی و اصطلاحی مفہوم بیان کریں، طلاق کی مشروعیت، ارکان و شرائط کی وضاحت کریں، نیز تین طلاقوں کے حکم پر فقہی آرا تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ:6تا9)

سوال نمبر1 قضاء کا تعارف پیش کریں، قضاء کی لغوی، اصطلاحی اور مشہور تعریفات بیان کریں اور شریعت اسلامیہ میں اس کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2 قضاء کی مشروعیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں اور قیامِ قضاء کی ضرورت کے اسباب و حکمت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3 دیت کے احکام بیان کریں، اس کا مفہوم و مشروعیت واضح کریں نیز دیت کی مقدار اور نوعیت بیان کریں، نیز عورت اور غیر مسلم کے لیے دیت کے احکام پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4 تعزیر کی تعریف، مفہوم اور کیفیت بیان کریں۔ وجوب تعزیر کی شرائط اور تعزیر کی مقدار بیان کریں، نیز تعزیر کے نفاذ میں فقہی حکمت اور اصولوں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر5 اسلام میں تعزیرات کے مقاصد و اہداف بیان کریں اور اس کی معاشرتی و اخلاقی اہمیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)